سوال

(310) عورت جب ولادت کی درد محسوس کرے تو نماز چھوڑ دے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت جب ولادت کی دردیں محسوس کرے تو کیا اسے نماز پڑھنی ہوگی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت جب تک حیض و نفاس سے پاک ہو نماز کی پابند ہے ۔ اگر ولادت سے ایک دو دن پہلے خون آنا شروع ہو جائے تو یہ نفاس کا حصہ ہے ، اس صورت میں نماز نہیں پڑھے گی ۔ لیکن اگر صرف دردیں ہوں خون شروع نہ ہو تو نماز پڑھنی ہوگی ۔ جیسے کہ دوسرے مریض ہوتے ہیں کہ درد والم میں مبتلا ہونے کے باوجود وہ نماز کے پابند ہوتے ہیں ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 267

محدث فتویٰ